Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

6 اگست، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

آپ کے بچے کے اسکول کے معلمین اور عملہ اور محکمئہ تعلیم میں ہم سب دن رات ستمبر میں اسکول میں واپسی کو ایک محفوظ اور صحتمند جگہ بنانے کی تیاری کے لیے مسلسل کام کر رہے ہیں۔ ہمارے منصوبے کے ایک اہم حصے کا انحصار آپ پر ہے! جیسے ہم ستمبر کی جانب بڑھ رہے ہیں، آج میں اضافی معلومات اور ایک اہم یاد دہانی کے ساتھ تحریر کر رہا ہوں۔

اس وقت تمام اسکول ایک مخلوط (بلینڈڈ) تعلیمی نمونے کی تیاری کر رہے ہیں۔ مخلوط تعلیم کا مطلب ہے کہ طلبا کچھ وقت اسکول کی عمارت کے اندر بذات خود موجودگی میں، اور ہفتے کے باقی دنوں میں گھر پر اپنی ریموٹ تعلیم کو جاری رکھیں گے۔ اس موسمِ خزاں میں، کوئی بھی اہلِ خانہ، کسی بھی وجہ سے صرف ریموٹ لرنگ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔**اگر صرف ریموٹ تعلیم آپ کی ترجیح ہے، ہم آپ سے یہاں ایک مختصر ویب فارم مکمل کرنے کا کہیں گے schools.nyc.gov/returntoschool2020، یا 311 پر جمعہ، 7 اگست تک رابطہ کرکے.** اگر آپ مخلوط تعلیم شروع کرتے ہیں، آپ بعد میں مکمل ریموٹ میں منتقل ہونے کا فیصلہ کر سکتے ہیں، مگر اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کی منصوبہ بندی میں مدد کرنے کی خاطر ہم 100% ریموٹ کو ترجیح دینے والوں سے کہنا چاہتے ہیں کہ ہمیں اس جمعہ، 7 اگست تک مطلع کر دیں۔

**اگر آپ اس موسم خزاں میں مکمل ریموٹ تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں تو ہم چاہتے ہیں کہ آپ وقت ایک مختصر فارم مکمل کریں**

اگر آپ غور کر رہے ہیں کہ کونسا تعلیمی نمونہ آپ کے بچے کے لیے بہترین ہے، میں دوبارہ سے ہمارے رہنما اصولوں کے بارے میں بتانا چاہوں گا جن کا اطلاق ہر طالب علم کی تعلیم پر ہوتا ہے: تمام طلبا ہفتے میں پانچ دن تعلیم حاصل کریں گے، اور اساتذہ اعلی معیاری تعلیم دینا جاری رکھیں گے جو تمام طلبا کی تمام تعلیمی ترتیبوں میں ثقافتی طور پر اثر پذیر، سخت گیر اور نشونمائی کے لیے مناسب ہو۔

ہم ذیل میں دونوں مخلوط اور مکمل ریموٹ تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کا تبادلہ کر رہے ہیں تاکہ آپ کے اس کا انتخاب کرنے میں مدد کی جا سکے۔ یہ خاندانوں کی جانب جولائی کے آخر میں بھیجے گئے اس خط میں ریموٹ اور مخلوط تعلیم میں موازنے سے متعلق موجود معلومات میں اضافہ کر رہا ہے، جو آپ یہاں تلاش کر سکتے ہیں.schools.nyc.gov/messagesforfamilies

## تعلیم و تدریس کی اقسام

چاہے آپ کا بچہ مخلوط تعلیم یا 100 فیصد ریموٹ تعلیم میں حصہ لے رہا ہو، انہیں تعلیم اس طرح موصول ہو گی 1) اپنے اساتذہ کے ساتھ براہ راست باہمی تعلق ہو گا اور 2) تفویضات اور پروجیکٹس کو تمام تعلیمی دن اور ہفتے کے دوران خود مختاری کے ساتھ مکمل کرنا ہو گا۔

## اساتذہ

ریموٹ تعلیم میں مشغول طلباء، زیادہ تر حصے میں، ان کی اسکول کمیونٹی کے اساتذہ کے ذریعے تعلیم حاصل کریں گے۔ جبکہ کچھ محدود استثناء کے ساتھ، اسکول بہ اسکول کی بنیاد پر، والدین ان کے بچوں کو تعلیمی سال کے شروع ہونے سے قبل انہیں ملنے والے مکمل شیڈول موصول کرنے پر ان کی اسکول کمیونٹی کے اساتذہ کے تفویض کیے جانے کی توقع رکھ سکتے ہیں۔

## براہ راست تعامل

اساتذہ روزانہ براہ راست ہمارے مکمل ریموٹ متعلمین کو تعلیم فراہم کریں گے اور ساتھ ہی ان طلبا کو بھی جو مخلوط تعلیمی نمونے میں حصہ لے رہے ہیں. اساتذہ ہمارے سب سے چھوٹے متعلمین کے لیے پورے تعلیمی دن کے دوران مختصر ( 20-15 منٹ کے لیے مسلسل) دورانیوں میں براہ راست تعلیم دیں گے اور طالب علم کی نشو نما کی سطح اور گریڈ سطح کے مطابق اس کا دورانیہ بڑھا سکتے ہیں۔ ہم آنے والے ہفتوں میں براہ راست تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کا تبادلہ کریں گے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

## شیڈول کو شائع کرنا

تمام اسکول تمام طلبا کے لیے کلاس شیڈول اور براہ راست تعلیم کا شیڈول شائع کریں گے — وہ جو مکمل ریموٹ ہیں اور ساتھ میں وہ بھی جو — آن لائن مخلوط تعلیم میں حصہ لے رہے ہیں. آپ کو پہلے سے ہی ان شیڈول تک رسائی مل جائے گی تاکہ آپ اپنے کام اور خاندانی ذمہ داریوں کی منصوبہ بندی کر سکیں۔ اسکول اسے بھی یقینی بنائیں گے کہ طلبا کو اپنے اساتذہ اور ہم جماعتوں کے ساتھ اعلی معیار کے باہمی تعلق کے لیے مناسب وقت ملے۔

## براہ راست معاونت

اساتذہ کے پاس ہر تعلیمی دن میں طلبا اور اہل خانہ کے ساتھ بذریعہ وڈیو کانفرنس یا ٹیلیفون سے رابطے کے لیے مختص کردہ وقت ہو گا۔ ہم چاہیں گے کہ آپ اس وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے بچے کی پیشرفت اور تعلیم سے متعلق رہنمائی اور جدید معلومات حاصل کریں۔

## کلاس روم میں لنچ

بذات خود موجود طالب علم کا زیادہ ترحالات میں تعلیمی وقت کے دوران لنچ ہو گا، جو ہمارے کلاس روم میں ناشتے کے نمونے کی طرح ہو گا۔ مثال کے طور پر، الیمینٹری اسکولوں، لنچ کے دوران، طلبا تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے جو پُرلطف، مشغولی اور مقوّی ہوں گی جیسے مل کر باآواز بلند مطالعہ کرنا، سماجی - جذباتی تعلیم اور موسیقی کے ساتھ تسلی بخش ہو۔ مڈل اور ہائی اسکولوں میں، لنچ کے دوران، طلبا ایک مخصوص شعبے میں مشغول رہیں گے۔ بذات خود موجودگی کی تعلیم اور اس وقت کے دوران غذا اور مشروبات تناول کرنے کے لیے اسکول مکمل صحت اور حفاظت کے رہنما خطوط کو برقرار رکھیں گے۔

## برادری کی تعمیر کرنا

تمام طلبا کے ایسے معمولات ہونگے جن سے برادری کی تعمیرہو، جو دن بھر مرکوز رہنے اور انہیں کامیابی کے لیے تیار کریں۔ اس سے تمام طلبا کو برادری - اور تعلقات بڑھانے کے ایسے تجربات فراہم ہوں گے جو ایک عام اسکول برادری کا لازمی جُز ہے۔ مثال کے طور پر، یہ ایک روزانہ صبح کی ملاقات پر مشتمل ہو سکتی ہے جس میں اساتذہ طلبا کو متعلقہ سماجی - جذباتی بہبود اور برادری کی تعمیر سے متعلقہ سرگرمیوں میں مشغول کرتے ہیں، یا روزانہ کی آخری سرگرمی جس میں استاد دن بھر کی تعلیم کا احاطہ کرتا ہے اور طالب علم کو اگلے دن کے لیے تیار کرتا ہے۔ جیسے ہم اسکول کے پہلے دن کی جانب بڑھ رہے ہیں اسکول اور اساتذہ اس کے بارے میں مزید تبادلہ خیال کریں گے۔

## سماجی جذباتی اعانت

ہم جانتے ہیں کہ عالمی وبا میں موجودہ حالات، آپ اور آپ کے بچوں کے لیے بہت دشوار رہے ہیں۔ طلبا اپنے اساتذہ، ہم جماعتوں اور اسکول برادری سے دور کر دیے گئے ہیں۔ اسی وجہ سے، ہم اساتذہ، اسکول میں مبنی عملے اور طلبا کو دوبارہ سے اسکول کی عمارتوں میں اور تبدیلیوں میں اپنے آپ کو ڈھالنے کے لیے وقت دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ، ہم سماجی - جذباتی سرگرمیوں اور صدمات سے متعلقہ نگہداشت کو دن بھر جتنا ممکن ہو سکے گا تعلیمی مضامین سے ہم آہنگ کریں گے. ہم تمام تعلیمی سال میں ذہنی صحت کی معاونتوں کو بھی ترجیح دیں گے۔

## گریڈ دینا

تمام طلبا کو لازماً ایک جیسے تعلیمی تقاضوں کو پورا کرنا ہو گا، چاہے وہ مکمل ریموٹ یا مخلوط تعلیم میں مشغول ہوں۔ جو استاد آپ کے بچے کے کلاس کے کام کی نگرانی کر رہا ہے وہ طالب علم کی پیشرفت جانچنے کے لیے اسے تشکیل دینے یا تفویضات منتخب کرنے کا ذمہ دار ہے۔ جن میں طالب علم کی مہارت جانچنے کے لیے پروجیکٹس، آن لائن طریقے کے ذریعے یا ان کے بغیر، پورٹ فولیوز اور دیگر اقدامات شامل ہو سکتے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ وائرس اور تعلیم کو ان بے نظیر حالات میں جاری رکھنے کی قابلیت دونوں کے بارے میں ہم سب نے مارچ سے اب تک بہت سیکھا ہے۔ اسی وجہ سے چاہے آپ نے کوئی بھی تعلیمی نمونہ منتخب کریں، ہم کسی چیز پر سمجھوتا نہیں کریں گے بلکہ آپ کے بچے کو زیادہ سخت گیر اور شمولیت کے تدریسی تجربات سے گزاریں گے۔ آپ کی ضروریات - کے ساتھ ساتھ آپ کے بچوں اضروریات ور وہ عملہ جو انہیں خدمات فراہم کررہا ہے - یہ ہمارے اسکول واپسی کی منصوبہ بندی میں مسلسل مرکزی حیثیت کی حامل ہیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

ہم آنے والے دنوں اور ہفتوں میں مزید معلومات فراہم کریں گے۔ ہمیشہ کی مانند، آنے والا سال کیا لا رہا ہے کے بارے میں تازہ ترین معلومات جاننے کے لیے ہم آپ کی ذیل کو دیکھنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں schools.nyc.gov/returntoschool2020

آپ کا DOE خاندان کا ایک حصہ بننے کا شکریہ۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم